

# ابتدائی اُردو

## پہلی جماعت کے لیے اردو کی درسی کتاب



# ابتدائی اردو

پہلی جماعت کے لیے اردو کی درسی کتاب

© NCERT
not to be republished

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

**Ibtedai Urdu**
Textbook for Class I

ISBN 81-7450-445-1

**پہلا ایڈیشن**

فروری 2006 پھاگن 1927

**دیگر طباعت**

ستمبر 2013 بھادر 1935

**PD 8T SPA**

© نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ 2006

جُملہ حقوق محفوظ

- ناشر کی پہلے سے اجازت حاصل کیے بغیر، اس کتاب کے کسی بھی حصے کو دوبارہ پیش کرنا، یاد داشت کے ذریعے بازیافت کے سسٹم میں اس کو محفوظ کرنا یا برقیاتی، میکانیکی، فوٹو کاپینگ، ریکارڈنگ کے کسی بھی وسیلے سے اس کی ترسیل کرنا منع ہے۔
- اس کتاب کو اس شرط کے ساتھ فروخت کیا جارہا ہے کہ اسے ناشر کی اجازت کے بغیر، اس شکل کے علاوہ جس میں کہ یہ چھاپی گئی ہے یعنی، اس کی موجودہ جلد بندی اور سرورق میں تبدیلی کر کے، تجارت کے طور پر نہ تو مستعار دیا جاسکتا ہے، نہ دوبارہ فروخت کیا جاسکتا ہے، نہ کرایہ پر دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تلف کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب کے صفحہ پر جو قیمت درج ہے وہ اس کتاب کی صحیح قیمت ہے۔ کوئی بھی نظر ثانی شدہ قیمت چاہے وہ ربر کی مہر کے ذریعے یا چپپی یا کسی اور ذریعے ظاہر کی جائے تو وہ غلط متصوّر ہوگی اور ناقابل قبول ہوگی۔

**این سی ای آر ٹی کے پبلی کیشن ڈویژن کے دفاتر**

این سی ای آر ٹی کیمپس
شری اروندو مارگ
**نئی دہلی** - 110016 **فون** 011-26562708

108,100 فٹ روڈ ہوسڈے کیرے ہیلی
ایکسٹینشن بناشنکری III اسٹیج
**بنگلور** - 560085 **فون** 080-26725740

نوجیون ٹرسٹ بھون
ڈاک گھر، نوجیون
**احمد آباد** - 380014 **فون** 079-27541446

سی ڈبلیو سی کیمپس
بمقابل ڈھانکل بس اسٹاپ، پانی ہاٹی
**کولکتہ** - 700114 **فون** 033-25530454

سی ڈبلیو سی کامپلیکس
مالی گاؤں
**گواہاٹی** - 781021 **فون** 0361-2674869

قیمت : 50.00 `

**اشاعتی ٹیم**

**ہیڈ پبلی کیشن ڈویژن** : اشوک شریواستو
**چیف پروڈکشن آفیسر** : شیو کمار
**چیف بزنس منیجر** : گوتم گانگولی
**ایڈیٹر** : سید پرویز احمد
**اسسٹنٹ پروڈکشن آفیسر** : اتل سکسینہ

سرورق اور آرٹ
وی۔ منیشا

این سی ای آر ٹی واٹر مارک 80جی ایس ایم کاغذ پر شائع شدہ

سکریٹری، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، شری اروندو مارگ، نئی دہلی نے کوشک آفسیٹ پرنٹرز پرائیویٹ لمیٹیڈ C-34، سیکٹر-58، نوئیڈا-201301 میں چھپوا کر پبلی کیشن ڈویژن سے شائع کیا

© NCERT not to be republished

# پیش لفظ

’قومی درسیات کا خاکہ، 2005‘ میں سفارش کی گئی ہے کہ بچوں کی اسکول کی زندگی، ان کی باہر کی زندگی سے ہم آہنگ ہونی چاہیے۔ یہ زاویۂ نظر کتابی علم کی اُس روایت کی نفی کرتا ہے جس کے باعث آج تک ہمارے نظام میں اسکول، گھر اور سماج کے درمیان فاصلے حائل ہیں۔ نئے قومی درسیات پر مبنی نصاب اور درسی کتابیں اسی بنیادی خیال پر عمل آوری کی ایک کوشش ہے۔اس کوشش میں مختلف مضامین کو ایک دوسرے سے الگ رکھنے اور رٹ کر پڑھنے کے طریقۂ کار کی حوصلہ شکنی بھی شامل ہے۔ہمیں امید ہے کہ ان اقدامات سے قومی تعلیمی پالیسی (1986) میں مذکور ’تعلیم کے طفل مرکوز نظام‘ کی طرف مزید پیش رفت ہوگی۔

اس کوشش کی کامیابی کا انحصار ان قدامات پر ہے کہ سبھی اسکولوں کے پرنسپل اور اساتذہ بچوں کو اپنے تاثرات خود ظاہر کرنے اور ذہنی سرگرمیوں اور سوالوں کے ذریعے سیکھنے میں ان کی ہمّت افزائی کریں۔ہمیں یہ ضرور تسلیم کرنا چاہیے کہ بچوں کو اگر موقع، وقت اور آزادی دی جائے تو وہ بڑوں سے حاصل شدہ معلومات سے وابستہ ہوکر، نئی معلومات مرتّب کرتے ہیں۔آموزش کے دوسرے ذرائع اور محل وقوع کو نظرانداز کرنے کے بنیادی اسباب میں سے ایک اہم سبب مجوزہ درسی کتاب کو امتحان کے لیے واحد ذریعہ بنانا ہے۔بچوّں کے اندر تخلیقی صلاحیت اور پیش قدمی کے رجحان کو فروغ دینا اُسی وقت ممکن ہے جب ہم آموزشی عمل میں بچوں کو بحیثیت شریک کار قبول کریں اور ان سے اُسی طرح پیش آئیں۔انھیں محض مقررہ معلومات کا جانکار نہ سمجھیں۔

یہ مقاصد اسکول کے معمولات اور طریقۂ کار میں معقول تبدیلی کا مطالبہ کرتے ہیں۔روزمرّہ نظام الاوقات (Time-Table) میں لچیلا پن اُسی قدر ضروری ہے جتنی کہ سالانہ کیلنڈر کے نفاذ میں سخت محنت کی تاکہ تدریس کے لیے مطلوبہ ایّام کو حقیقتاً تدریس کے لیے وقف کیا جاسکے۔تدریس اور اندازِ قدر کے طریقوں سے بھی اس امر کا تعیّن ہوگا کہ یہ درسی کتاب بچوں میں ذہنی تناؤ اور اکتاہٹ کا ذریعہ بننے کے بجائے ان کی اسکولی زندگی کو خوش گوار بنانے میں کس حد تک موثر ثابت ہوتی ہے۔نصابی بوجھ کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے نصاب سازوں نے مختلف سطحوں پر معلومات کی تشکیلِ نو اور اُسے نیا رُخ دینے کی غرض سے بچّوں کی نفسیات اور تدریس کے لیے دست یاب وقت پر زیادہ سنجیدگی کے ساتھ توجہ دی ہے۔اس مخلصانہ کوشش کو مزید بہتر بنانے کے لیے یہ درسی کتاب سوچنے اور حیرتوں کو جگائے رکھنے، چھوٹے گروپوں میں بحث ومباحثہ کرنے اور عملاً انجام دی جانے والی سرگرمیوں کو زیادہ اوّلیت دیتی ہے۔

© NCERT not to be republished

این سی ای آر ٹی اس کتاب کے لیے تشکیل دی جانے والی ''کمیٹی برائے درسی کتاب'' کی مخلصانہ کوششوں کی شکرگزار ہے۔کونسل زبانوں کے مشاورتی گروپ کے چیئرمین پروفیسر نامورسنگھ اور اس کتاب کے خصوصی صلاح کار پروفیسر شمیم حنفی کی ممنون ہے۔اس درسی کتاب کی تیاری میں جن اساتذہ نے حصّہ لیا ہم ان کے متعلقہ اداروں کے بھی شکرگزار ہیں۔ہم ان سبھی اداروں اور تنظیموں کے بھی احسان مند ہیں جنھوں نے اپنے وسائل، مآخذ اور عملے کی فراہمی میں فراخ دلی کا ثبوت دیا۔

ہم، وزارت برائے فروغِ انسانی وسائل کے شعبے برائے ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کی جانب سے پروفیسر مرنال مری اور پروفیسر جی۔پی دیش پانڈے کی سربراہی میں تشکیل شدہ نگراں کمیٹی (مانیٹرنگ کمیٹی) کے اراکین کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنا قیمتی وقت اور تعاون ہمیں دیا۔ باضابطہ اصلاح اور اپنی اشاعت کے معیار کو مسلسل بہتر بنانے کے مقصد کی ایک تنظیم کے طور پر این سی ای آر ٹی تمام مشوروں اور آرا کا خیر مقدم کرتی ہے تاکہ کتاب کو مزید نظرثانی کے بعد اور زیادہ کارآمد اور بامعنی بنایا جاسکے۔

نئی دہلی
28 دسمبر 2005

ڈائریکٹر
نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

© NCERT not to be republished

# اس کتاب کے بارے میں

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ کے زیر اہتمام تیار کردہ یہ نئی درسی کتاب یعنی ''ابتدائی اردو'' پہلی جماعت کے طالب علموں کو اردو' بحیثیت مادری زبان پڑھانے کے لیے ہے۔ اس کا خاص مقصد طلبا کو بنیادی زبان سے واقف کرانا اور مختلف قسم کی معلومات فراہم کرانا ہے۔ اس کی تالیف و تدوین میں موجودہ تعلیمی ضروریات کے علاوہ قومی، سماجی اور اخلاقی اقدار کو بھی ملحوظ رکھا گیا ہے۔ اس کتاب میں حروفِ تہجّی کو روایتی نقطۂ نظر سے نہیں بلکہ سائنسی طریقے سے پیش کیا گیا ہے یعنی حروف کو ان کی بنیادی اور ذیلی شکلوں میں یکسانیت کے پیشِ نظر مختلف گروپ میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر ب پ ت ٹ ث کی بنیادی شکل ''ٮ'' ہے۔ اس کے ساتھ 'ن ی ے' کی بنیادی شکل گرچہ مختلف ہے لیکن اِن کی ذیلی شکلیں 'ب' گروپ کی ذیلی شکلوں جیسی ہیں۔ اس لیے 'ب' گروپ کے فوراً بعد 'ن ی ے' کو متعارف کرایا گیا ہے۔ اسی طرح 'ذ' گروپ میں 'ڈ' کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ چوں کہ اس کتاب میں تمام حروف کی شناخت ایک ساتھ نہیں کرائی گئی ہے اس لیے حسبِ ضرورت کہیں حروف کی درمیانی شکل، کہیں آخری شکل اور کہیں ابتدائی شکل بتائی گئی ہے۔

ہر سبق کی ترتیب میں پہلے حرف کی شناخت اور بعد میں اس حرف سے بننے والے الفاظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری شکل کی مثالیں پیش کی گئی ہیں۔ ان مثالوں کو پیش کرتے وقت بھی ترتیب کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ جیسے 'ب' گروپ میں پہلے 'ب' سے بننے والے الفاظ پھر پ ت وغیرہ سے بننے والے الفاظ لیے گئے ہیں۔ ہر سبق میں ہر گروپ کے حروف میں امتیاز قائم کرنے کے لیے انھیں ایک لکیر کے ذریعے علاحدہ کر کے پیش کیا گیا ہے۔ اسی کے ساتھ بعد میں آنے والے اسباق میں الفاظ کے ساتھ چھوٹے چھوٹے اور آسان جملے بھی دیے گئے ہیں۔ بچّوں کی دلچسپی کے پیشِ نظر بعض اسباق میں چھوٹی چھوٹی نظمیں دی گئی ہیں۔ ان کا بنیادی مقصد طلبا کو جماعت میں اجتماعی طور پر زبانی یاد کرانا ہے۔

اس کتاب میں بعض جگہ اسباق کی مناسبت سے تدریسی اشارے بھی دیے گئے ہیں۔ رسم الخط کے یہ اصول صرف اساتذہ کے لیے ہیں تاکہ وہ ان اشاروں کی مدد سے تدریس کے دوران سبق کی ترتیب و تدریج کا خیال رکھیں۔

مشقوں کے ذیل میں پہلے متعارف کیے جانے والے حروف پھر ان حروف سے بننے والے الفاظ کو لکھنے کی مشق کرائی گئی

© NCERT not to be republished

ہے ۔ اس کے بعد کہیں تصویر کی مدد سے، کہیں چارٹ کی مدد سے اور کہیں صرف نقطوں کے استعمال سے متعلق مشقی سوال وضع کیے گئے ہیں۔ بچّوں کی عمر، دلچسپی اور نفسیات کے پیشِ نظر مشقوں میں زیادہ سے زیادہ تنوع پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے تا کہ طالب علموں میں نہ صرف اردو زبان سے محبت کا جذبہ پیدا ہو بلکہ وہ بہ آسانی معیاری اردو بولنا ، پڑھنا اور لکھنا بھی سیکھ جائیں۔ مشقیں اس طرح وضع کی گئی ہیں کہ طالب علموں کی فکری صلاحیت میں بھی اضافہ ہو سکے۔

حروف کو لکھنے کی مشق تیر کے نشان کے ذریعے واضح کی گئی ہے۔ اس سے طالبِ علم صحیح طور پر قلم چلانا سیکھ سکیں گے۔ ہر گروپ میں صرف پہلے حرف کو ہی تیر کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔ اساتذہ سے گزارش ہے کہ وہ طالب علموں کو بتائیں کہ اسی طرح دوسرے حروف بھی لکھے جائیں گے۔

کونسل نے اس بار پہلی سے پانچویں جماعت تک درسی کتاب کے ساتھ ہی مشقی کتاب شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے کہ طالب علموں پر نصاب کا اضافی بوجھ نہ پڑے۔ امید ہے کہ مشقی کتاب کی شمولیت سے پرائمری سطح پر اردو زبان کی بہتر تعلیم و تدریس ہو سکے گی اور طالب علموں میں مطالعے کا شوق پیدا ہوگا۔

اساتذہ سے گزارش ہے کہ بچّوں سے تختی پر بھی اردو لکھوانے کی مشق کرائیں۔ اس سے ان کی خوش خط لکھنے کی عادت مستحکم ہوگی۔

اس کتاب کی تیاری کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جو اردو اساتذہ ، ماہرینِ مضمون اور ایک خصوصی صلاح کار پر مشتمل تھی۔ ان سب کے اشتراک و تعاون سے ہی اس کتاب کو آخری شکل دی گئی ہے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کتاب مطلوبہ معیار کے مطابق طالب علموں کی ضرورتوں کو پورا کر سکے گی۔ اساتذہ اور ماہرینِ مضمون سے درخواست ہے کہ وہ اس کتاب سے متعلق اپنے عملی اور تدریسی تجربات کی روشنی میں ہمیں مشوروں سے نوازیں تا کہ آئندہ اسے مزید بہتر بنایا جا سکے۔

© NCERT not to be republished

# کمیٹی برائے درسی کتاب

**چیئرمین، مشاورتی کمیٹی برائے زبان**

نامورسنگھ، پروفیسر ایمرٹس، جواہرلعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

**خصوصی صلاح کار**

شمیم حنفی، ریٹائرڈ پروفیسر، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئی دہلی

**چیف کوآرڈی نیٹر**

رام جنم شرما، سابق ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

**اراکین:**

خالد سعید، پروفیسر اور صدر شعبۂ اردو، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

شاہدہ پروین، پی جی ٹی اردو، جامعہ سینیئر سیکنڈری اسکول، جامعہ نگر، نئی دہلی

گوہر علوی، پی جی ٹی اردو، جامعہ سینیئر سیکنڈری اسکول، جامعہ نگر، نئی دہلی

عبدالرشید، لکچرار، خط کتابت اردو کورس، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، نئی دہلی

نفیس حسن، ٹی جی ٹی اردو، گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول، اجمیری گیٹ، دہلی

صغیر اختر، ٹی جی ٹی اردو، مظہرالاسلام سیکنڈری اسکول، فراش خانہ، دہلی

ظلِّ ہما، اردو ٹیچر، ایم۔سی پرائمری اسکول، محلّہ نیاران۔1، نئی دہلی

سید عامر علی، اردو ٹیچر، ایس ٹی ہائی اسکول، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

حیات غنی خاں، اردو ٹیچر، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول، اندرکوٹ، اجمیر، راجستھان

**ممبر کوآرڈی نیٹر**

محمد معظّم الدین، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

© NCERT not to be republished

# اظہارِ تشکّر

اس کتاب میں صوفی غلام مصطفےٰ تبسّم کی نظم ''حمد'' شامل ہے جو ماہنامہ ''کھلونا'' فروری 1976 سے لی گئی ہے۔کونسل ان کی شکرگزار ہے۔

اس کتاب کی تیاری کے لیے کونسل کاپی ایڈیٹرز ڈاکٹر ارشاد نیر اور حسن البنّا، پروف ریڈر شبنم ناز، ڈی ٹی پی آپریٹرز شمائلہ فاطمہ، فلاح الدین فلاحی، محمد وزیر عالم اور نرگس اسلام اور کمپیوٹر اسٹیشن انچارج پرش رام کوشک کی تہہ دل سے شکرگزار ہے۔

© NCERT not to be republished

# ترتیب


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | iii |
| اس کتاب کے بارے میں | v |
| 1. ا آ | 1 |
| 2. ب پ ت ٹ ث | 4 |
| 3. ن ی ے | 9 |
| 4. ج چ ح خ | 14 |
| 5. د ڈ ذ و | 18 |
| 6. ر ڑ ز ژ | 23 |
| 7. زبر زیر پیش | 29 |
| 8. س ش | 34 |
| 9. جزم | 39 |
| 10. ص ض | 42 |
| 11. ط ظ | 47 |
| 12. ع غ | 51 |


© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| .13 | ف ق | 56 |
| .14 | تشدید | 60 |
| .15 | ک گ | 64 |
| .16 | ل م | 69 |
| .17 | ہ | 74 |
| .18 | بھ پھ تھ ٹھ | 80 |
| .19 | جھ چھ | 87 |
| .20 | دھ ڈھ ڑھ | 92 |
| .21 | کھ گھ | 97 |
| .22 | نون غنّہ | 102 |
| 23 | ہمزہ | 106 |
| .24 | حروفِ تہجّی | 110 |
| .25 | حمد | 114 |
| .26 | یہ میرا گھر ہے میرا گھر | 118 |
| .27 | گِنتی | 123 |

© NCERT not to be republished

# سبق - 1

ا آ

ا





آ





© NCERT not to be republished

## تدریسی اشارے:

- آپ جانتے ہیں کہ 'ا' (الف) تحریری علامت ہے۔اس کی اپنی کوئی آواز نہیں ہے جب تک اس پر اعراب نہ لگایا جائے۔اس سبق میں طالب علموں کو صرف اس حرف کا نام 'الف' بتایا جائے اور تصویروں کے ذریعے حرف کی پہچان کرائی جائے۔
- طالب علموں کو بتایا جائے کہ اس نشان ' ٓ '، کو مد کہتے ہیں۔اس کا استعمال صرف الف پر ہوتا ہے اور 'آ' کی آواز دیتا ہے۔
- ہر سبق میں متعارف کیے جانے والے حروف کو بار بار پڑھوایا جائے اور لکھنے کی مشق کرائی جائے۔

# مشق

**1.** ان حروف کو لکھوائیے


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ا | ___ | ___ | ___ | ___ |
| آ | آ | ___ | ___ | ___ | ___ |

**2.** نیچے دی ہوئی تصویروں کو ان کے پہلے حرف سے ملوائیے

ا



آ



© NCERT not to be republished

### 3. نیچے دی ہوئی تصویروں کا پہلا حرف لکھوائیے



............




............

© NCERT not to be republished

# سبق – 2

ب    پ    ت    ٹ    ث

ب





پ





ت





© NCERT not to be republished

تدریسی اشارے :


- طالب علموں کو بتایا جائے کہ ثمر کے معنی پھل ہیں۔
- اس سبق میں 'ب' گروپ کے حروف کو الف سے جوڑ کر الفاظ بنانے سکھائے گئے ہیں۔ انھیں نمایاں کرنے اور بچّوں میں دلچسپی پیدا کرنے کے لیے رنگین چاک کی مدد لی جا سکتی ہے۔

ٹ





ث





با　　بابا　　بات　　باٹ

پا　　پاپا　　پات

تا　　تاب　　تاپ

ٹا　　ٹاٹا　　ٹاٹ

ثا

© NCERT not to be republished

# مشق

**.1** ان حروف کو لکھوائیے


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ب | ب | ______ | ______ | ______ | ______ |
| پ | پ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ت | ت | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ٹ | ٹ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ث | ث | ______ | ______ | ______ | ______ |


**.2** نیچے دی ہوئی تصویروں کا پہلا حرف لکھوائیے


............


............

© NCERT not to be republished

 ............

............ 

**.3** ان لفظوں کو پڑھوائیے

آپا آٹا بابا پاپا بات تاپ ٹاٹ

**.4** ان لفظوں کو لکھوائیے


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بابا | بابا | ______ | ______ | ______ | ______ |
| بات | بات | ______ | ______ | ______ | ______ |
| آپ | آپ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| آٹا | آٹا | ______ | ______ | ______ | ______ |

© NCERT not to be republished

5. نیچے دی ہوئی تصویروں میں 'ب' اور 'ث' چھپے ہوئے ہیں۔ ان حروف کو تلاش کرا کے لکھوائیے



............



............

© NCERT not to be republished

# سبق – 3

ے　　ی　　ن

ن





ی　ے





© NCERT not to be republished

### تدریسی اشارے:

- اس کتاب کے بعض اسباق میں حروفِ تہجّی کی مروّجہ ترتیب سے انحراف کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ بعض حروف کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں بھی نہیں بتائی گئی ہیں کیوں کہ ابھی تمام حروف سے روشناس نہیں کرایا گیا ہے۔ جہاں جہاں حروف کو متعارف کرایا گیا ہے وہیں ان کی بقیہ آوازیں بھی بتائی گئی ہیں۔مثال کے طور پر اس سبق میں 'ای' 'اے' اور 'اَے' کی صرف درمیانی اور آخری آوازوں کو بتایا گیا ہے۔انھیں اصطلاحاً بالترتیب یاے معروف، یاے مجہول اور یاے ماقبل مفتوح کہتے ہیں۔ان کے علاوہ 'ی' کو بطور نیم مصوّتہ بھی بتایا گیا ہے۔
- آپ جانتے ہیں کہ 'ب' اور 'ن' 'ی' گروپ کی ذیلی شکلیں ایک جیسی ہیں۔اس لیے ان حروف کو 'ب' گروپ کے بعد متعارف کرایا گیا ہے۔

نانا　　ناپ

بانا　　پانا　　تانا

آن　　نان　　پان

---

بِن　　تِن　　پِنا

بے بی　　بیٹی　　بیٹا

آتے　　پاپے

پَین　　نَین

---

آیا　　تایا　　پایا

© NCERT not to be republished

# مشق

.1 ان حروف کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ن | ن | ___ | ___ | ___ | ___ |
| ی | ی | ___ | ___ | ___ | ___ |
| ے | ے | ___ | ___ | ___ | ___ |

.2 ان لفظوں کو پڑھوائیے

پانی پینا     تین پان     نانا نانی

بیٹا بیٹی     بابا آنا

.3 ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آن | آن | ___ | ___ | ___ | ___ |
| ناپ | ناپ | ___ | ___ | ___ | ___ |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بین | بین | ______ | ______ | ______ | ______ |
| بے بی | بے بی | ______ | ______ | ______ | ______ |
| پاپا | پاپا | ______ | ______ | ______ | ______ |

**4.** نقطوں کی مدد سے لفظ بنوائیے

ٮاٮا    ٮاٮا    ٮاٮا    ٮاٮا


ٮاں    ٮاں    ٮاں    ٮاں

ٮاٮ    ٮاٮ    ٮاٮ    ٮاٮ

ٮاى    ٮاى

© NCERT not to be republished

**5.** حروف کا کھیل: مثال کے مطابق لفظ بنوائیے اور لکھوائیے




بات
_______________ _______________ _______________ _______________

_______________ _______________ _______________ _______________

© NCERT not to be republished

# سبق – 4

ج چ ح خ


ج






چ





ح





خ





© NCERT not to be republished

جا

جان      چاٹ      خان      جاپان

باجا      باجی      حاجی

باجے ناچے

آج      تاج      ناچ      بیج      پیچ

جینا      چین      چینی      جیب      چابی      نیچا

جیب      پیچ

آنا جانا

نانا جانا

نانا جاپان جانا

© NCERT not to be republished

# مشق

.1 ان حروف کو لکھوائیے

| | | |
|---|---|---|
| ج | ج | |
| چ | چ | |
| ح | ح | |
| خ | خ | |

.2 ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | |
|---|---|---|
| چینی | چینی | |
| حاجی | حاجی | |
| بیج | بیج | |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| بیچنا | بیچنا |

______ ______ ______ ______ ______

**.3** نقطوں کی مدد سے لفظ بنوائیے


ماح ماح

حال حال

ماحا ماحا

ماحی ماحی

**.4** نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے

 ............

 ............

 ............

 ............

© NCERT not to be republished

# سبق – 5

د ڈ ذ و

د





ڈ





© NCERT not to be republished

## تدریسی اشارے:

- سبق میں پہلے 'د' گروپ کے حروف متعارف کرائے گئے ہیں اور ان سے الفاظ بنائے گئے ہیں۔
- حرف 'و' کو 'د' گروپ سے مشابہت کی بنا پر اس سبق میں شامل کیا گیا ہے۔
- 'و' کی تین مصوّتی آوازیں اوٗ اُو اور اَو بتائی گئی ہیں۔ انھیں اصطلاحاً بالترتیب واوٗ معروف، واوٗ مجہول اور واوٗ ماقبل مفتوح کہتے ہیں۔ آخری آواز اگلے سبق میں بتائی گئی ہے۔
- اس کے علاوہ 'و' نیم مصوّتے کے طور پر بھی بتایا گیا ہے مثلاً وادی۔


ز





و





داد دادا دادی دان

ڈاٹ

ذات

اُون اُودا جُون جُوتا ڈُوبنا

اوٹ چوٹ دو جو

© NCERT not to be republished

وادی　　　یاد　　　دیو　　　دیوی

اوُدا　اوُن

دادا پانی دے دو

نانی پانی دینا

## مشق

**.1** ان حروف کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| د | د | ____ | ____ | ____ | ____ |
| ڈ | ڈ | ____ | ____ | ____ | ____ |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ذ | ذ | ___ | ___ | ___ | ___ |
| و | و | ___ | ___ | ___ | ___ |

.2 ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وادی | وادی | ___ | ___ | ___ | ___ |
| اوٹ | اوٹ | ___ | ___ | ___ | ___ |
| اون | اون | ___ | ___ | ___ | ___ |
| یاد | یاد | ___ | ___ | ___ | ___ |

.3 نیچے دی ہوئی تصویروں کا پہلا حرف لکھوائیے



............

............

© NCERT not to be republished

............  ............ 

**4.** حروف کا کھیل: مثال کے مطابق لفظ بنوایئے اور لکھوایئے




وادی ____________ ____________ ____________

____________ ____________ ____________ ____________

# سبق – 6

ر　　ڑ　　ز　　ژ

ر





ڑ　　ڑ　　ڑ


## تدریسی اشارے:

- اس سبق میں 'ز' گروپ کی آخری متصل شکل کی مثالیں بھی دی گئی ہیں۔ جیسے تیر اور پیڑ وغیرہ۔
- پچھلے سبق میں 'ؤ' کی دو مصوّتی آوازیں اور نیم مصوّتے کے طور پر 'ؤ' کی آواز بتائی جا چکی ہے۔ اس سبق میں 'ؤ' کی آواز 'اَوْ' بتائی گئی ہے۔
- آپ کو معلوم ہے کہ 'ڑ' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ یہ ہمیشہ لفظ کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ جیسے سڑک، پیڑ وغیرہ۔
- طالب علموں کو بتایا جائے کہ 'ژالہ' کے معنی 'اولا' ہیں۔

© NCERT not to be republished

ز





ژ





راج راجا

تارا جاڑا بازی

تار پار باڑ تاڑ ناز چار

حوٗر دوٗر دوٗری چوٗڑی

© NCERT not to be republished

جوڑ ڈور جوڑی ڈوری روز زور

اَور دَوڑ دَوڑنا

پیٖر تیٖر رہیٖت

بیر تیز پیڑ ریت

پَیر تَیر خَیر

راج تیٖن نان دے دو

تارا چار چوُڑی دو

راجا تیز دَوڑو

دو جوڑی جوُتا دو

© NCERT not to be republished

# مشق

**.1** ان حروف کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ر | ر | | | | |
| ڑ | ڑ | | | | |
| ز | ز | | | | |
| ژ | ژ | | | | |

**.2** ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| راجا | راجا | | | | |
| خَیر | خَیر | | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نَاز | نَاز | ____ | ____ | ____ | ____ |
| دَوڑنا | دَوڑنا | ____ | ____ | ____ | ____ |
| دُوری | دُوری | ____ | ____ | ____ | ____ |

3. نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'ر' گروپ (ر ڑ ز ژ) کا کون سا حرف استعمال ہوا ہے، شناخت کرائیے اور لکھوائیے

راج ............ پیڑ ............


تاڑ ............ تیز ............

ناز ............ بیر ............

© NCERT not to be republished


**4.** نیچے دی ہوئی تصویروں کا پہلا حرف لکھوائیے





............ ............





............ ............

© NCERT not to be republished

# سبق – 7

زبر    زیر    پیش

| ـَ | ـِ | ـُ |
|---|---|---|

ـَ    اَب    تَب    جَب    ڈَر    رَب

ـِ    اِن    بِن    پِن    جِن    دِن    نِب

ـُ    اُن    بُن    چُپ    رُت

**تدریسی اشارے:**

- پچھلے اسباق میں بچّوں کو کچھ حروف کی شناخت کرائی گئی ہے اور ان کی مدد سے وہ الفاظ بنانا سیکھ چکے ہیں ۔ یہاں زبر، زیر اور پیش کی شناخت اور ان کا استعمال بتایا گیا ہے۔
- پچھلے اسباق میں 'ب' اور ن ی ے' گروپ کی ایک ذیلی شکل شوشہ ( ہ ) بتائی جاچکی ہے۔'ڈ' اور'ر' گروپ کی درمیانی شکل نہیں بتائی گئی تھی۔اس سبق میں 'ب' گروپ اور'ن' کی ابتدائی ذیلی شکلیں (ا/ ــ) اور'ڈ' گروپ اور 'ر' گروپ کی درمیانی شکلیں (ر/ر) بتائی گئی ہیں۔

© NCERT not to be republished

بَج    بَچ    بَچانا    نَچانا

بونا    پوُجا    توپ    ٹوپی

بَد    بَدَن    نِڈَر

جُدا    خُدا    حَد

بَرتَن    بَڑا    پَر    پُرانا

جَڑ    خَراب

راجا نِڈَر بَنو

بَڑا بَرتَن دو

بندَر نے بَرتَن توڑا

پُرانی ٹوپی

© NCERT not to be republished

# مشق

1. ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَب | رَب | | | | |
| دِن | دِن | | | | |
| رُت | رُت | | | | |
| بَج | بَج | | | | |
| بدَن | بدَن | | | | |
| جَڑ | جَڑ | | | | |

2. نیچے دیے ہوئے لفظوں پر زبر، زیر اور پیش کا استعمال کرائیے

جب رخ دن چپ اب پن

© NCERT not to be republished

3. خانے میں دیے ہوئے زبر، زیر اور پیش کو سامنے لکھے ہوئے لفظوں میں استعمال کرائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ـَـ | تب | جب | نج |
| ـِـ | ان | بن | نڈر |
| ـُـ | ان | بت | بن |

4. نیچے دیے ہوئے لفظوں میں خانوں کی مدد سے زبر، زیر اور پیش کی پہچان کرائیے اور خالی خانوں میں انھیں بنوائیے


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَب | = | ـُـ | ـِـ | ـَـ | |
| دِن | = | ـِـ | ـَـ | ـُـ | |
| رُت | = | ـَـ | ـُـ | ـِـ | |

© NCERT not to be republished

**5.** نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے

 ............

 ............

 ............

 ............


**6.** لفظوں کی مدد سے خالی خانوں میں صحیح حرف لکھوائیے


| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بَڑا | = | ب | | ا | | |
| نوٹ | = | | و | ٹ | | |
| راجا | = | ر | ا | | ا | |
| توڑنا | = | ت | | ڑ | | ا |
| پُرانی | = | پ | | ا | | ی |

© NCERT not to be republished

# سبق – 8

س ش

س  

ش  

سارا سونا شَربت شور

سَب سَچ سُن

ساوَن سَودا

© NCERT not to be republished

سیب شیر سِیتا شَشی شیشی

آسان آشا بَستی سُستی

پاس بَس جِس رَس دَس

جوش شاباش

دارا بات سنو

سِیتا بازار جانا

شاباش راجا شاباش

© NCERT not to be republished

## مشق

.1 ان حروف کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | س | | | | |
| ﺳ | ﺳ | | | | |
| ش | ش | | | | |
| ﺷ | ﺷ | | | | |

.2 ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سارا | سارا | | | | |
| بَستی | بَستی | | | | |
| سُستی | سُستی | | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آسان | آسان | ______ | ______ | ______ | ______ |
| شیشی | شیشی | ______ | ______ | ______ | ______ |

3. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے


س چ = ______

ج و ش = ______

س ی ت ا = ______

ش ا ب ا ش = ______

4. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے



............



............

© NCERT not to be republished



............



............

**5.** لفظوں کی مدد سے خالی خانوں میں صحیح حرف لکھوائیے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شاخ | = | | ا | خ | | |
| آسان | = | آ | | ا | ن | |
| سُستی | = | س | | ت | ی | |
| راجا | = | ر | ا | | ا | |
| بازار | = | | ا | ز | ا | ر |

© NCERT not to be republished

# سبق – 9

## جزم

ْ

اَبْر پَرْس تَخْت نَرْس

جَشْن خَرْچ چُسْت

دَرْد زَرْد

سَخْت سَرْد سُرْخ سُسْت


سَخْت سَرْدی

**تدریسی اشارے:**


- اس سبق میں جزم ( ْ ) کا استعمال بتایا گیا ہے۔



© NCERT not to be republished

سُرخ 

پُرانا 

بَڑا 

## مشق

1. ان لفظوں کو لکھوایئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جَشن | جَشن | | | | |
| تَخت | تَخت | | | | |
| زَرد | زَرد | | | | |
| سَرد | سَرد | | | | |

© NCERT not to be republished

**.2** ان لفظوں پر جزم (ْ) کا نشان بنوائیے

ابر     پرس     خرچ     درد     سُرخ     چُست     سخت

**.3** نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے


............

............

**.4** حروف کو ملا کر لفظ لکھوائیے اور جزم کا نشان بنوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| د | ر | د | = | ________ |
| ا | ب | ر | = | ________ |
| چ | س | ت | = | ________ |
| س | خ | ت | = | ________ |
| س | س | ت | = | ________ |

© NCERT not to be republished

# سبق – 10

ص ض

ص






ض





صابِر صابُن صُبح صَبُر صَبا صحن


صَد صَدا صَدُر

ضِد ضَرُور ضَرُوْرَت

© NCERT not to be republished

رَضا     حاضِر     حَضرَت     راضی     ناصِر

خاص     حوض

صابِر  پَر جانا

صَبا  دینا

رَضا خاص بات بَتانا

ناصِر صُبح بازار جانا

## مشق

1. ان حروف کو لکھوائیے

ص     ص

ض     ض

© NCERT not to be republished

2. ان لفظوں کو لکھوائیے


| | |
|---|---|
| حوض | حوض ______ ______ ______ ______ |
| صدر | صدر ______ ______ ______ ______ |
| صحن | صحن ______ ______ ______ ______ |
| حضرت | حضرت ______ ______ ______ ______ |
| ناصر | ناصر ______ ______ ______ ______ |

3. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام بریکٹ میں دیے ہوئے جس حرف سے شروع ہوتے ہیں اُسے سامنے لکھوائیے



(ص ث س ش) ______

© NCERT not to be republished



(س ش ص ث) ________



(ث ش ص س) ________

4. بریکٹ میں دیے ہوئے صحیح حرف کی مدد سے لفظ مکمّل کرائیے اور اسے سامنے لکھوائیے

| خ | ا | | = ________ (س ص ث) |
|---|---|---|---|
| ح | و | | = ________ (ذ ز ض) |
| | ا | ب | ن = ________ (س ث ص) |
| | ر | و | ر = ________ (ض ذ ز) |
| ح | ا | | ر = ________ (ض ز ذ) |

© NCERT not to be republished

5. 'الف' اور 'ب' کے تحت دیے ہوئے ادھورے لفظوں کو صحیح طور سے جوڑ کر مکمّل کرائیے

| الف | ب |
| --- | --- |
| ضَروُ | بُن |
| حَو | ت |
| صُرا | ض |
| حضَر | حی |
| صا | رَت |

© NCERT not to be republished

# سبق – 11

ط ظ

ط





ظ





طَرح

خَطا خاطِر ناظِر نَظَر خِطاب

تدریسی اشارے:

- بچّوں کو بتایا جائے کہ ظروف کے معنی برتن ہیں۔

© NCERT not to be republished

خَط        شَرُط

ناظِر خَط دو

بُری نَظَر سے بچو

واحِد اِس طَرَح دَوڑو

## مشق

**1.** ان حروف کو لکھوائیے

ط ط

ظ ظ

© NCERT not to be republished

2. ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طرح | طرح | ______ | ______ | ______ | ______ |
| خطا | خطا | ______ | ______ | ______ | ______ |
| نظر | نظر | ______ | ______ | ______ | ______ |
| شرط | شرط | ______ | ______ | ______ | ______ |
| خاطر | خاطر | ______ | ______ | ______ | ______ |

3. نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خط | = | | | |
| طرح | = | | | |
| خطا | = | | | |

© NCERT not to be republished

ناظر = [ ] [ ] [ ] [ ]

خطاب = [ ] [ ] [ ] [ ]

**4.** بریکٹ میں دیے ہوئے صحیح حرف کی مدد سے لفظ مکمّل کرائیے اور اسے سامنے لکھوائیے

خ [ ] = ________ (ت ط)

ن [ ] ر = ________ (ض ز ظ)

ن ا [ ] ر = ________ (ض ذ ظ ز)

ش ر [ ] = ________ (ط ت)

© NCERT not to be republished

# سبق – 12

غ　　　　ع

ع





غ





عادَت　　عِبادَت　　عَدَد　　عَرَب　　عَورَت

دَعوَت　　بَعد　　بَعض

© NCERT not to be republished

وِداع    وَسیع    وَضع

غار    غِذا    غَور    غَریب

بَغیر    رَوغن    بَغداد

باغ    تیغ

بُری عادَت سے بچو

عابِد نے دو عدَد  خَریدے

غَور سے بات سُنو

سَعید صُبح باغ سے آیا

© NCERT not to be republished

# مشق

**.1** ان حروف کو لکھوایئے

| | |
|---|---|
| ع | ع |
| غ | غ |

**.2** ان لفظوں کو لکھوایئے

| | |
|---|---|
| عادَت | عادَت |
| بَعد | بَعد |
| غِذا | غِذا |
| رَوغن | رَوغن |
| تیغ | تیغ |

© NCERT not to be republished

3. ’الف‘ اور ’ب‘ کے تحت دیے ہوئے ادھورے لفظوں کو صحیح طور سے جوڑ کر مکمّل کرائیے

| ب | الف |
|---|---|
| دَت | رَو |
| غ | عِبا |
| ت | غَر |
| غَن | با |
| یب | عادَ |

4. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ________ | = | ر | ا | غ |
| ________ | = | ب | ر | ع |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ب | ع | د | = | ________ |
| ر | و | غ | ن | = ________ |
| و | س | ی | ع | = ________ |

**.5** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| غِذا | = | | | | |
| داغ | = | | | | |
| عَدَد | = | | | | |
| عادَت | = | | | | |
| دَعوَت | = | | | | |

© NCERT not to be republished

# سبق – 13

ق ف

ف





ق





© NCERT not to be republished

**تدریسی اشارے:**

- ف اور ق کی ابتدائی اور درمیانی شکلیں یکساں ہوتی ہیں۔ صرف نقطوں کا فرق ہوتا ہے۔ ان حروف کی آخری شکل پوری لکھی جاتی ہے۔

فَوج　　فوٹو　　فَجُر

اِفطار　　دَفتَر　　سَفَر　　نَفَع

بَرُف　　خَوف　　شَریف

قابو　　قاضی　　قَدُر　　قَرُض

آقا　　وَقُت

وَرَق　　شَوق　　فَرُق

شَفیق وَقُت پر سونا

قاضی وَقُت پر دَفُتَر جانا

ظَفَر بَرف دو

© NCERT not to be republished

## مشق

**.1** ان حروف کو لکھوائیے

ف ف

ق ق

**.2** ان لفظوں کو لکھوائیے

فَوج فَوج

اِفطار اِفطار

قاضی قاضی

نُقصان نُقصان

شرِیف شرِیف

© NCERT not to be republished

**.3** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَقت | = | | | | |
| شَوق | = | | | | |
| فوٹو | = | | | | |
| دفتر | = | | | | |

**.4** حروف ملا کر لفظ بنوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | ف | ر | | = | ______ |
| ن | ف | ع | | = | ______ |
| ق | د | ر | | = | ______ |
| ق | ا | ب | و | = | ______ |

© NCERT not to be republished

# سبق – 14

## تشدید

**ــّـ**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَبّا | بَچّے | بَچّی | پَتّا | پَٹّی |
| بَطَّخ | جَنَّت | عِزَّت | | |
| سَچّے | رَسّی | تیّار | | |

تدریسی اشارے:

- اس سبق میں تشدید کا استعمال بتایا گیا ہے۔ بچّوں کو خاص طور پر بتایا جائے کہ اس نشان ''ــّـ'' کو تشدید کہتے ہیں اور جس حرف پر یہ نشان ہوتا ہے اسے دو بار پڑھا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

# سَچّے بَچّے

چُنّو آنا ڈِبّا دینا

رَسّی پَر  دَوڑا

## مشق

1. مثال کے مطابق خالی خانوں میں صحیح حرف لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ابّا | = | ا | ب | ب | ا |
| بچّے | = | | چ | | ے |
| پٹّی | = | پ | | ٹ | |

© NCERT not to be republished

پتّا =

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | | ت | |

رسّی =

| | | | |
|---|---|---|---|
| | س | | ر |

.2 نیچے دیے ہوئے لفظوں میں مثال کے مطابق تشدید والے حرف کو سامنے لکھوائیے

مثال = رسّی س

.1 بچّی ______ .2 بَطّخ ______

.3 جنّت ______ .4 عِزّت ______

.3 نیچے دیے ہوئے لفظوں کو ملا کر لکھوائیے اور اُن پر تشدید بنوائیے

.1 سَچ + چا = ______ .2 اَب + بو = ______


.3 رَس + سی = ______ .4 پَت + تی = ______

.5 جَن + نت = ______ .6 چُن + نو = ______

© NCERT not to be republished

**.4** نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوایئے





............ ............






............ ............

© NCERT not to be republished

# سبق – 15


گ ک


ک





گ





© NCERT not to be republished

**تدریسی اشارے:**

- آپ جانتے ہیں کہ 'ک' گروپ کی دو ذیلی شکلیں 'کـ ، کا' ہیں۔ اس میں دوسری ذیلی شکل صرف 'الف' اور 'ل' سے پہلے بنائی جاتی ہے۔ اس سبق میں کار، کان، گاڑی، گانا جیسے الفاظ صرف 'الف' کے ساتھ دکھائے گئے ہیں۔ اگلے سبق میں اس مخصوص ذیلی شکل کا استعمال 'ل' کے ساتھ دکھایا گیا ہے۔

کَپ کِتاب کَون کَوّا

کاپی کاج کان کار

کِرکِٹ چَکّر راکِٹ جوکَر بَکری

سَڑَک چَوک جَگ

---

گِنّا گَز

گانا گاڑی

اَگَر نَگَر

آگ ساگ

---


© NCERT not to be republished

رَب کا شُکر اَدا کَرو

ایک کِتاب دے دو

گَنّے کا رَس پیو

اَکُبَر نے اُردُو کی  خریدی

 کو روٹی کے ٹُکڑے دو

© NCERT not to be republished

## مشق

1. ان حروف کو لکھوائیے


ک ک ______ ______ ______ ______

گ گ ______ ______ ______ ______

**.2** ان لفظوں کو لکھوائیے

| | |
|---|---|
| کتاب | کتاب |
| چکّر | چکّر |
| گنّا | گنّا |
| نگر | نگر |
| گاڑی | گاڑی |

**.3** نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے

 ............

 ............

 ............

 ............

 ............

 ............

© NCERT not to be republished

**4.** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نگر | = | | | | |
| کان | = | | | | |
| گنّا | = | | | | |
| کتاب | = | | | | |
| کاپی | = | | | | |

© NCERT not to be republished


# سبق – 16

ل م

ل



م



لَٹّو لَڑکا لَڑکی لَفظ

چَلنا بولنا کلاس گُلاب


بادَل سَوال غُلَیل گَل

© NCERT not to be republished

مَحل　　مُرغا　　میز　　مَینا

جامن　　جَمنا　　مَلمَل　　مُمتا

آم　　نام　　تُم　　جِسم　　تَمام

دُکان سے ایک کِلو  لاکر دو

گُلاب کو  پر سَجا دو

مَلمَل کا کُرتا  سے واپَس لو

عِلم کی دَولت حاصِل کرو

© NCERT not to be republished

## مشق

**.1** ان حروف کو لکھوائیے

| | |
|---|---|
| ل | ل |
| م | م |

**.2** ان لفظوں کو لکھوائیے

| | |
|---|---|
| لَفُظ | لَفُظ |
| بولنا | بولنا |
| غُلَیل | غُلَیل |
| مَلمَل | مَلمَل |
| جِسُم | جِسُم |

© NCERT not to be republished

3. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے



............



............



............



............

© NCERT not to be republished

4. خالی جگہوں میں 'ل' یا 'م' لگا کر لفظ مکمّل کرائیے

با ______ آرا ______ سوا ______

تما ______ بادا ______ باد ______

**.5** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لڑکی | = | | | | |
| مَفلر | = | | | | |
| مَلمَل | = | | | | |
| مَینا | = | | | | |
| مسافر | = | | | | | |

© NCERT not to be republished

# سبق – 17

ہ

ہ





ہار    ہِرَن    ہَل    ہَم    ہِمَّت    ہَمیشہ

بہن    نہر    چہکنا    مہک

واہ    راہ    چاہ    وُہ

© NCERT not to be republished

**تدریسی اشارے:**

- اردو میں 'ہ' کی دو آوازیں ہیں۔ 'ہ' بطور مصمّتہ (Consonant) اور 'ہ' بطور خفیف مصوّتہ (Short Vowel)۔ اس سبق میں پہلے ہائے ملفوظی یعنی مصمتہ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری شکلوں کی مثالیں اور پھر ہائے مختفی (خفیف مصوّتے) کی مثالیں دی گئی ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ ہائے مختفی کا استعمال صرف لفظ کے آخر میں ہوتا ہے۔

جَگہ وَجہ یہ

پَردہ خَربُوزہ دَروازہ میوہ

عِلاقہ سِکّہ مَکَّہ خَزانہ تَرانہ

ہمارا وَطَن ہِندوستان ہے

یہ بہت خوب صوُرَت ہے

دہلی ایک مشہوُر شہر ہَے

## مشق

1. اس حرف کو لکھوایئے

ہ ہ



© NCERT not to be republished

.2 ان لفظوں کو لکھوایئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ہار | ہار | | | | |
| بہن | بہن | | | | |
| راہ | راہ | | | | |
| ترانہ | ترانہ | | | | |
| سِکّہ | سِکّہ | | | | |

.3 نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوایئے

ہمّت = 


چہکنا = 

© NCERT not to be republished

| خزانہ = | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|

| اشارہ = | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|

**4.** دائرے میں دیے ہوئے حروف کی مدد سے لفظ بنوایئے اور لکھوایئے




© NCERT not to be republished

**.5** خانوں میں دیے ہوئے حروف کی مدد سے لفظ بنوایئے اور لکھوایئے

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | خ | | | |
| | | | | ز | | | |
| | | | | ا | | | |
| | | | ہ | ن | ا | ر | ت |
| ہ | ش | ے | م | ہ | | | |

________ ________ ________ ________


© NCERT not to be republished

**.6** تصویروں کو دیکھ کر خالی خانوں میں صحیح حرف لکھوایئے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ر | | ہ | = |  |
| ن | ر | | = |  |


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ر | ت | | س |

=



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ز | و | | ر | خ |

=



© NCERT
not to be republished

# سبق – 18

ٹھ تھ پھ بھ

بھ





پھ






### تدریسی اشارے:


- اس کتاب میں دو چشمی 'ھ' کی علامت کو علاحدہ سے نہیں بتایا گیا ہے۔ اس لیے کہ اردو میں کچھ آوازیں ایسی ہیں جو تحریری صورت میں 'ھ' سے مل کر بنتی ہیں لیکن ان کی آواز ایک ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر اردو میں ہکاری آوازوں کے لیے بعض حروف اپنی ابتدائی شکل کے ساتھ 'ھ' سے ملا کر لکھے جاتے ہیں۔ جیسے بھ جھ دھ ڑھ کھ

© NCERT not to be republished





تھ





ٹھ

بھاری بھالوُ بھولا بھوُکا

اَبھی سَبھی کَبھی گوبھی

چُبھ

پھَل پھوُل

گُپھا

© NCERT not to be republished

تھان تھامنا

میٹھی چَوتھا

ساتھ رَتھ

---

ٹھاٹ ٹھوکَر

اُٹھنا بَیٹھنا

آٹھ ساٹھ

---

ہَرا بھَرا  مَت کاٹو

 پھُدَک رَہی ہے

© NCERT not to be republished

ہاتھ میں تھَیلا لو

بازار سے مِٹھائی لا کَر دو

---

بھولا بھالا بھالوٗ آیا

بھوٗکا بھوٗکا بھالوٗ آیا



آیا بھالوٗ آیا

## مشق

1. ان حروف کو لکھوائیے

بھ بھ

پھ پھ

© NCERT not to be republished

تھ تھ

ٹھ ٹھ

**.2** ان لفظوں کو لکھوائیے

بھارت بھارت

پھل پھل

میتھی میتھی

بیٹھنا بیٹھنا

گھا گھا

© NCERT not to be republished

3. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے



............



............



............



............

4. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پھ | و | ل | | = | ________ |
| بھ | ن | ڈ | ی | = | ________ |
| تھ | ے | ل | ا | = | ________ |
| ٹھ | و | ڑ | ا | = | ________ |

© NCERT not to be republished

**.5** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے پہلے حرف کی شناخت کرائیے اور اسے لکھوائیے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تھال | پھ | تھ | ٹھ | بھ | = | ______ |
| بھارت | بھ | ٹھ | تھ | پھ | = | ______ |
| ٹھیلا | تھ | پھ | بھ | ٹھ | = | ______ |
| پھل | ٹھ | بھ | پھ | تھ | = | ______ |

© NCERT not to be republished

**.6** ان لفظوں کو پڑھوائیے

پھاٹک گوبھی کتّھا ساتھی ٹھاٹ ہاتھ

# سبق – 19

جھ　　　چھ

جھ





چھ





جھاگ　　　جھَرنا　　　جھیل

بُجھنا　　　سَمَجھنا

سَمَجھ　　　بوْجھ

© NCERT not to be republished

چھاپ　　چھال　　چھَت

اُچھال　　مچھّر

کُچھ　　مگرمچھ　　رات چھ



مُنّی کا جھولا اچھّا ہے

دادا کی چھَڑی چھوٹی ہے



یہ جھیل بہت بڑی ہے

چھُک چھُک کرتی آتی ریل

شَن شَن کرتی جاتی



© NCERT not to be republished

## مشق

1. ان حروف کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جھ | جھ | | | | |
| چھ | چھ | | | | |

2. ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جھرنا | جھرنا | | | | |
| سمجھنا | سمجھنا | | | | |
| سمجھ | سمجھ | | | | |
| چھت | چھت | | | | |
| اچھال | اچھال | | | | |
| رتپچھ | رتپچھ | | | | |

© NCERT not to be republished

**3.** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جھیل | = | | | |
| چھال | = | | | |
| بوجھ | = | | | |
| سَمَجھ | = | | | |
| مچھّر | = | | | |

**4.** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے پہلے حرف پر صحیح کا نشان (✓) بنوائیے اور اسے سامنے لکھوائیے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چھَتری | جھ | بھ | پھ | چھ | = | ______ |
| جھاڑی | پھ | چھ | جھ | بھ | = | ______ |

© NCERT not to be republished

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ______ | = | پھ | چھ | جھ | بھ | جھَنڈا |
| ______ | = | جھ | بھ | پھ | چھ | چھَت |

© NCERT
not to be republished

# سبق – 20

دھ　　　　ڈھ　　　　ڑھ

دھ





ڈھ





ڑھ　　　　ڑھ　　　　ڑھ

© NCERT not to be republished

دھوپ　　دَھرتی

جِدَھر　　کِدَھر


بُدھ　　دوُدھ

ڈھال　　ڈھولک

گَڈّھا

بڑھنا　　پڑھنا　　چڑھنا

بڑھ　　پڑھ　　چڑھ

 بولے ڈھَم ڈھَم ڈھَم

 ناچے چھَم چھَم چھَم

© NCERT not to be republished

## مشق

1. ان حروف کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دھ | دھ | | | | |
| ڈھ | ڈھ | | | | |
| ڑھ | ڑھ | | | | |

© NCERT not to be republished

2. ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دھوپ | دھوپ | | | | |
| جدھر | جدھر | | | | |
| ڈھولک | ڈھولک | | | | |
| گڈّھا | گڈّھا | | | | |
| پڑھنا | پڑھنا | | | | |

3. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

ب + دھ = ________

د + و + دھ = ________

گ + ڈھ + ڈھ + ا = ________

ب + ڑھ + ن + ا = ________

4. نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے مکمّل کرائیے

کِدَھر   دھوُپ   دوُدھ   پَڑھ

آج تیز............ہَے

تُم ............ جا رہے ہو؟

 ............لو

روزانہ ............ پیو

© NCERT not to be republished

5. نیچے دیے ہوئے لفظوں کے پہلے حرف پر صحیح کا نشان (✓) بنوائیے اور اسے سامنے لکھوائیے


| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈھولک | ڈھ | جھ | چھ | دھ | = | ______ |
| دھرتی | چھ | دھ | ڈھ | جھ | = | ______ |
| دھنیا | جھ | ڈھ | دھ | چھ | = | ______ |
| ڈھال | دھ | چھ | جھ | ڈھ | = | ______ |

© NCERT not to be republished

# سبق – 21

کھ گھ

کھ





گھ





کھانا کِھلونا کھیت کھیر

مکّھن راکھی پنکھا

© NCERT not to be republished

راکھ سُکھ دُکھ لِکھ چَکھ

گھاس گھٹا گھر گھُومنا گھنٹی

بَگھّی پَنگَھٹ

باگھ

بھَگت کا کھیت ہرا بھَرا ہے

گھَڑے سے ٹھَنڈا پانی لا کَر دو




دیوار پر گھَڑی لگی ہے

پَڑھو لِکھو بَڑھے چلو

© NCERT not to be republished

# مشق

**.1** ان حروف کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کھ | کھ | | | | |
| گھ | گھ | | | | |

**.2** ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کھانا | کھانا | | | | |
| لِکھ | لِکھ | | | | |
| گھاس | گھاس | | | | |
| پنگھٹ | پنگھٹ | | | | |

© NCERT not to be republished

**3.** حروف کو ملا کر لفظ بنوایئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گھ | ڑ | ی | | = | ______ |
| گھ | ڑ | ک | ی | = | ______ |
| م | کھ | کھ | ن | = | ______ |
| ب | گھ | گھ | ی | = | ______ |

**4.** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے پہلے حرف پر صحیح کا نشان (✓) بنوایئے اور اسے سامنے لکھوایئے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گھوڑا | کھ | دھ | ڈھ | گھ | = | ______ |
| کِھلونا | دھ | گھ | کھ | ڈھ | = | ______ |
| کھیر | ڈھ | کھ | گھ | دھ | = | ______ |
| گھنٹی | گھ | ڈھ | دھ | کھ | = | ______ |

© NCERT not to be republished

5. لفظوں کی مدد سے خالی خانوں میں صحیح حرف لکھوائیے

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ | = | ک | | | | | |
| تھرمس | = | | ر | م | س | | |
| پڑھنا | = | پ | | ن | ا | | |
| راکھی | = | ر | ا | | ی | | |
| بیٹھنا | = | ب | ے | | ن | ا | |

© NCERT not to be republished

# سبق – 22

## نون غنّہ

## ں

آندھی　　آنکھ

انگوٹھی　　اونٹ　　اینڈھن　　اینٹ

چاند　　جنگل　　منگل　　بنگال　　ہونٹ

ماں　　وَہاں　　جہاں　　کہاں　　یَہاں

مَیں　　ہَیں　　ہاں　　ہوں


### تدریسی اشارے:

- حرف 'نون' کی شناخت اور اس کی آواز سبق نمبر 3 میں بتائی جا چکی ہے۔ یہاں پر 'نون' غنّہ کی آواز کا استعمال بتایا گیا ہے۔
- اس سبق میں دی گئی نظم کو بچّوں سے بلند آواز سے پڑھوایئے اور انھیں زبانی یاد کرایئے۔ استاد بچّوں سے پوچھیں کہ کس جانور کی کیا آواز ہے؟


© NCERT not to be republished



بولے ٹیں ٹیں ٹیں



بولے میں میں میں



بولیں بھیں بھیں بھیں



بولے کُکڑوں کوں



کرتی چوں چوں چوں

© NCERT not to be republished

## مشق

.1 ان لفظوں کو لکھوایئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آ ٘ندھی | آ ٘ندھی | ____ | ____ | ____ | ____ |
| ای ٘ندھن | ای ٘ندھن | ____ | ____ | ____ | ____ |
| چا ٘ند | چا ٘ند | ____ | ____ | ____ | ____ |
| کہاں | کہاں | ____ | ____ | ____ | ____ |
| میں | میں | ____ | ____ | ____ | ____ |

.2 نون غُنّہ لگا کر لفظ پورا کرایئے اور اسے سامنے لکھوایئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ی | | ٹ | = | ____ |
| ج | | گ | ل | = | ____ |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ____________ | = | د | | ا | چ |
| ____________ | = | | ا | ہ | ج |
| ____________ | = | ٹ | | و | ہ |
| ____________ | = | | ی | ہ | ن |

3. ان لفظوں کو پڑھوائیے

منگل     ماں     بَنگال     اونٹ     آنکھ

ہوں     میں     کہاں

© NCERT not to be republished

# سبق – 23

## ہمزہ

ء

آؤ کھاؤ گاؤ جاؤ

آئی بھائی آئینہ



آئے چائے گائے رائے

آئیے کھائیے گائیے جائیے

کئی مئی نئی نئے گئے

لاؤ لکھنؤ

© NCERT not to be republished



آؤ دُعا کو ہاتھ اُٹھائیں
گیت خُدا کے مِل کر گائیں
راستہ سیدھا ایک دِکھا دے
ہم سَب کو تُو نیک بَنا دے

© NCERT
be republished

# مشق

**1.** ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چائے | چائے | ______ | ______ | ______ | ______ |
| بھائی | بھائی | ______ | ______ | ______ | ______ |
| لاؤ | لاؤ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| لکھنؤ | لکھنؤ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| نئے | نئے | ______ | ______ | ______ | ______ |

**2.** نیچے دیے ہوئے لفظوں پر ہمزہ کا نشان (ء) بنوائیے اور اسے سامنے لکھوائیے

آیی = ______

کھایے = ______

© NCERT not to be republished

جاو = ________

نی = ________

**3.** ان لفظوں کو پڑھوائیے

پُلاوَ دَوائی رَوشنائی بُلوائیے رئیس

پاؤں گاؤں

© NCERT not to be republished

# حُروفِ تہجّی

ا ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ س ش ص ض

ط ظ ع غ ف ق

ک گ ل م ن و ہ

ی ے

© NCERT not to be republished

# مشق

.1 حروف پڑھوائیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | چ | د | س | ر | ج | ص | ف | ل |
| غ | ظ | ت | ڈ | ب | ح | ڑ | گ | ز |
| ع | ک | ش | ن | پ | ے | ٹ | ط | ی |
| و | ض | ذ | خ | ژ | م | ث | ہ | ق |

.2 خالی خانوں میں حروفِ تہجّی کی ترتیب سے حرف لکھوائیے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | | ت | | | ج | | |
| خ | | | ذ | ر | | | ژ | س |
| | ص | | | ط | | غ | | ق |
| | گ | | م | | | ہ | | ے |

© NCERT not to be republished

### 3. نیچے لکھے ہوئے حروف کو ترتیب سے لکھوائیے

1. ت ث ب ٹ پ

2. خ چ ح ج

3. ذ د ڈ

4. ژ ز ر ڑ

© NCERT not to be republished

4. حروفِ تہجّی کی ترتیب کے مطابق حروف کو ملوائیے اور بننے والے جان دار کا نام لکھوائیے




© NCERT not to be republished

# سبق – 25

## حمد

جِس نے بَنائی دُنیا
جِس نے بَسائی دُنیا

گُلشن کھِلائے جِس نے
دَریا بَہائے جِس نے



© NCERT not to be republished

جِس نے بَنائے سارے
یہ چانْد اَور تارے

مُجھ کو بھی زِندگی دی
تُجھ کو بھی زِندگی دی

سارے جَہاں کا مَولا
سارے جَہاں کا داتا

صوفی تبسّم



© NCERT not to be republished

## مشق

1. ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَنائی | بَنائی | | | | |
| دُنیا | دُنیا | | | | |
| دَریا | دَریا | | | | |
| زِندگی | زِندگی | | | | |

2. نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| داتا | = | | | | |
| گُلشَن | = | | | | |
| تارے | = | | | | |
| جَہاں | = | | | | |

© NCERT not to be republished

3. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| م | و | ل | ا | | = ______ |
| س | ا | ر | ے | | = ______ |
| چ | ا | ن | د | | = ______ |
| ز | ن | د | گ | ی | = ______ |

4. ان لفظوں کو پڑھوائیے

گُلشَن چاٗند تارے دَریا زِندگی مَولا

5. اس نظم کو یاد کرائیے

© NCERT not to be republished

## سبق – 26

# یہ میرا گھر ہے میرا گھر

ہَمیں اَپنا گھر بہت پیارا ہے۔ ہَم اَپنے اَمّی ، اَبّو اور
بہن بھائی کے ساتھ رہتے ہیں۔ اَمّی اَور اَبّو پَڑھنے لِکھنے
میں ہَماری مَدَد کرتے ہیں۔



© NCERT not to be republished

ہَم سَب اَپنے گَھر کو صاف سُتھرا رکھتے ہَیں۔ گھر کے چاروں طَرَف پیڑ پَودے ہیں۔ اِن سے ہَمیں تازہ اَور صاف ہَوا مِلتی ہے۔ اِن پیڑوں پَر پَرندے چہچہاتے ہَیں۔ ہَمیں اَپنا گَھر بہت پیارا ہَے۔



© NCERT not to be republished

## مشق

.1 ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پیارا | پیارا | ______ | ______ | ______ | ______ |
| بھائی | بھائی | ______ | ______ | ______ | ______ |
| بہن | بہن | ______ | ______ | ______ | ______ |
| مدد | مدد | ______ | ______ | ______ | ______ |
| پرندے | پرندے | ______ | ______ | ______ | ______ |

© NCERT not to be republished

.2 حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ب | ہ | ت | = | ______ |
| س | ا | تھ | = | ______ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ______ | = | | | ف | ا | ص |
| ______ | = | | ے | د | و | پ |
| ______ | = | ی | ر | ا | م | ہ |

**.3** نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | = | اپنا |
| | | | | | = | رہتا |
| | | | | | = | تازہ |
| | | | | | = | چاروں |
| | | | | | = | پرندے |

© NCERT not to be republished

**4.** نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھوائیے



............



............



............



............




............



............



............



............



............



............



............



............

© NCERT not to be republished

## سبق – 27

# گِنتی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ایک ۱ 1 | دو ۲ 2 | تِین ۳ 3 | چار ۴ 4 | پانچ ۵ 5 |
| چھے ۶ 6 | سات ۷ 7 | آٹھ ۸ 8 | نَو ۹ 9 | دَس ۱۰ 10 |
| گِیارہ ۱۱ 11 | بارہ ۱۲ 12 | تیرہ ۱۳ 13 | چودہ ۱۴ 14 | پَندرہ ۱۵ 15 |
| سولہ ۱۶ 16 | سَترہ ۱۷ 17 | اَٹھّارہ ۱۸ 18 | اُنّیس ۱۹ 19 | بِیس ۲۰ 20 |
| اِکّیس ۲۱ 21 | بائیس ۲۲ 22 | تیئیس ۲۳ 23 | چوبیس ۲۴ 24 | پچّیس ۲۵ 25 |



© NCERT not to be republished

# مشق

**.1** ان لفظوں کو لکھوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پانچ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| گیارہ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| اٹھّارہ | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| بائیس | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| پچّیس | ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

© NCERT not to be republished

2. نیچے دیے ہوئے لفظوں کو ہندسوں میں لکھوائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| چار | | آٹھ | |
| دس | | تیرہ | |
| بیس | | تیئیس | |

3. نیچے دیے ہوئے ہندسوں کو لفظوں میں لکھوائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳ | | ٦ | |
| ١٦ | | ١٩ | |
| ٢١ | | ٢٤ | |

© NCERT not to be republished

4. خالی جگہوں کو بھروائیے

1. ایک ____ تین

2. آٹھ نَو ____

3. ____ تیرہ چَودہ

4. اُنّیس ____ ____

5. نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف کی تعداد ہندسوں میں لکھوائیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایک | ۳ | دو | ____ |
| بارہ | ____ | پَندرہ | ____ |
| اُٹّھارہ | ____ | چَوبیس | ____ |




© NCERT not to be republished

6. 'الف' اور 'ب' کے تحت دیے گئے ہندسوں کو ملوائیے

| الف | ب |
|---|---|
| ۲ | 8 |
| ۱۵ | 3 |
| ۸ | 2 |
| ۳ | 19 |
| ۱۴ | 15 |
| ۶ | 17 |
| ۱۷ | 14 |
| ۱۹ | 6 |

© NCERT not to be republished

**.7** نیچے دیے ہوئے ہندسوں کو تصویروں کی تعداد سے ملوائیے

| | |
|---|---|
|  | ۲ |
|  | ۳ |
|  | ۵ |
|  | ۱ |
|  | ۴ |
|  | ۷ |
|  | ۱۰ |
|  | ۸ |
|  | ۹ |
|  | ۶ |

© NCERT not to be republished

میرا نام ________________________ ہے۔

میرے اسکول کا نام ________________ ہے۔

مَیں __________ کلاس میں پڑھتا / پڑھتی ہوں۔

مَیں ______________ میں رہتا / رہتی ہوں۔

میری اردو کی کتاب کا نام ______________ ہے۔



© NCERT not to be republished